**Natalie Ward**
Minister for Metropolitan Roads
Minister for Women's Safety and the Prevention of Domestic and Sexual Violence

**Mark Coure**
Minister for Multiculturalism
Minister for Seniors

# میڈیا ریلیز

بدھ، 1 فروری 2023

## ملٹی کلچرل ڈومیسٹک سپورٹ گروپس کے لیے مدد

کثیر الثقافتی گروپوں کو گھریلو اور جنسی تشدد سے نمٹنے کے لیے NSW حکومت کی ریکارڈ سرمایہ کاری کے حصے کے طور پر اضافی $2 ملین کی فنڈنگ ملے گی۔

خواتین کی حفاظت اور گھریلو و جنسی تشدد کی روک تھام کی وزیر Natalie Ward نے کہا ہے کہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ عقیدے اور کمیونٹی پر مبنی رسپانس سروسز پہلے سے زیادہ لوگوں کی مدد کر سکیں۔

"گھریلو تشدد کسی خاص طبقے تک محدود نہیں ہوتا اور ہر متاثرہ شخص کو اس کے پس منظر سے قطع نظر اس کی ضرورت کےمطابق مدد حاصل کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔" مسز Ward نے کہا۔

"ہم جانتے ہیں کہ کثیر الثقافتی برادریوں میں تشدد سے متاثرہ بچ جانے والے ایسے لوگ ہیں جو اپنے ویزا کی حیثیت، آسٹریلیا میں قابل اعتماد سوشل نیٹ ورک کی عدم موجودگی، لسانی تفریق اور ثقافتی رکاوٹوں کی وجہ سے مرکزی دھارے میں مدد حاصل کرنے سے گریزاں ہیں۔

"یہ گرانٹس پورے NSW میں ہماری رسپانس سروسز کی صلاحیت میں اضافہ کریں گیں اور کثیر الثقافتی کمیونٹیز میں تشدد سے متاثرہ زندہ بچ جانے والوں کے لیے مزید بامقصد مدد فراہم کریں گیں۔"

عقیدے اور کثیر الثقافتی کمیونٹی پر مبنی اہل درخواست دہندگان کم از کم $20,000 سے لے کر $150,000 تک ایک بارملنی والی گرانٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

ملٹی کلچرلزم کے وزیر Mark Coure نے کہا ہے کہ کثیر الثقافتی گروہوں کو وہ ذرائع فراہم کرنے ضروری ہیں جن کی انہیں ثقافتی طور پر موزوں اور موءثر طریقوں سے تشدد کا جواب دینے کی ضرورت ہے۔

"گھریلو تشدد ایک عالمی مسئلہ ہے، یہ کسی ایک کمیونٹی یا کسی ایک گروہ تک محدود نہیں ہے،" مسٹر Coure نے کہا۔

"NSW پورے آسٹریلیا میں ثقافتی لحاظ سے سب سے زیادہ متنوع ریاست ہے اور ہمیں اس کی عکاسی کرنے کے لیے اپنا پہلا ردعمل دینے کی ضرورت ہے۔

"ہم ماضی میں حاصل کیے گئے اسباق سے جانتے ہیں کہ ایک سائز سب کے لیے موزوں ہےجیسی سوچ کام نہیں کرتی، اور اس لیے ان مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنی کثیر الثقافتی برادریوں کو آلات اور وسائل سے آراستہ کرنا ایک ریاست کے طور پر ہمارے بہترین مفاد میں ہے۔"

یہ گرانٹس گھریلو تشدد کے متاثرین کی مدد کے لیے حکومت کی طرف سے فراہم کردہ مختلف قسم کی موجودہ معاونتوں میں ایک اضافہ ہیں، بشمول:

- گھریلو تشدد والی جگہوں کو چھوڑنے والے لوگوں کے لیے رینٹ اسٹارٹ بانڈ لون کی اہلیت کے معیار سے چھوٹ دینا؛
- تشدد سے متاثرہ بچ جانے والوں کو فرسٹ ہوم بائر(Buyer)چوائس اور فرسٹ ہوم بائر(Buyer) اسسٹنس دونوں اسکیموں تک رسائی فراہم کرنا؛
- تشدد سے بچنے کے لیے کرایہ داری کو فوری طور پر ختم کرنے میں سہولت فراہم کرنا؛
- NSW ڈومیسٹک وائلنس لائن کے ذریعے 24/7 مدد فراہم کرنا تاکہ متاثرین کی ایک محفوظ جگہ کو ڈھونڈنے ، یا ان کے اور ان کے بچوں کے لیے ٹرانسپورٹ فراہم کرنے میں مدد کی جاسکے؛ اسکے ذریعےانہیں پولیس، عدالتوں، وکلاء اور مشیروں سے منسلک کروانا؛ اورکسی حفاظتی منصوبے کیساتھ ان کی مدد کرنا؛
- 'پوچھنے کا حق'('Right To Ask') نامی اسکیم جہاں لوگ یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا ان کے ساتھی کی گھریلو تشدد کے جرائم کی کوئی تاریخ ہے؛
- 200 اضافی الیکٹرانک مانیٹرنگ آلات کے لیے دو سالوں میں 20$ ملین؛
- NSW حکومت NSW میں گھریلو تشدد سے متعلق تمام سزاؤں کا جائزہ لینے کے لیے پرعزم ہے؛
- دوبارہ منتخب ہونے والی NSW کی حکومت تین مقامی عدالتوں میں گھریلو اور خاندانی تشدد کی مخصوص فہرست کےلیے فنڈ دے گی اور مقدمات کی جلد سماعت کو یقینی بنانے کے لیے اضافی پانچ مجسٹریٹس کے اخراجات کےلیے فنڈ فراہم کرے گی۔

NSW حکومت خواتین کی حفاظت میں مدد دینے والےاقدامات کےلیے 700$ ملین سے زیادہ کی ریکارڈ فنڈنگ کی سرمایہ کاری کر رہی ہے جن میں شامل ہیں:

- 426.6 ملین ڈالر کور اینڈ کلسٹر(Core and Cluster) اقدام کو وسعت دینے کے لیے، خواتین کی نئی پناہ گاہوں کی فراہمی اور انہیں چلانے کے لیے جو ہر سال گھریلو اور خاندانی تشدد سے فرار ہونے والی اضافی 2,900 خواتین اور بچوں کی مدد کرے گا۔ گھریلو تشدد کے شعبے کے لیے یہ اب تک کی سب سے بڑی مختص کردہ فنڈنگ ہے۔
- مباشرت پارٹنر تعلقات میں زبردستی کنٹرول کو جرم قرار دینے کے لیے تاریخی قوانین
- ملک کے معروف مثبت رضامندی حاصل کرنے کے قوانین، جن کا 1 جون 2022 سے اطلاق ہوا ہے۔

گرانٹ کی درخواستیں 13 فروری کو کھلیں گی اور 27 مارچ کو بند ہوں گی۔

گرانٹ کی تشخیص اور منظوری کے عمل کے بعد فنڈز جون 2023 میں جاری کیے جائیں گے اور 30 جون 2024 تک لازماً خرچ کرنے ہوں گے۔ جاری یا بار بار فنڈنگ دستیاب نہیں ہے۔


**میڈیا:**

**Will Dempsey | Minister Ward | 0400 471 762**

**Scott Hodder | Minister Coure | 0455 094 282**